نیوز ریلیز

سفارتخانہ ریاستہائے متحدہ امریکہ۔ اسلام آباد، پاکستان

رابطہ: البرٹو راڈریگیز

ترجمان

فون: 0300-501-2640

25 ِاپریل 2011ء

برائے فوری اجراء

087/2011

نیٹو ایساف کمانڈر کا دورہ پاکستان

اسلام آباد (25 ِاپریل 2011ء)___ افغانستان میں نیٹو اور انٹرنیشنل سیکیورٹی اسسٹنس فورس کے کمانڈر ڈیوڈ ایچ پیٹریاس نے آج پاکستان کا دورہ کیا۔ اپنے دورے میں انہوں نے جنرل اشفاق پرویز کیانی سے ملاقات کی جس میں انہوں نے باہمی دلچسپی کے امور اور علاقائی سلامتی کو بہتر بنانے کے طریقہ کار کے بارے میں تبادلہ خیال کیا۔

جنرل پیٹریاس کا نیٹو ایساف کمانڈر کی حیثیت سے یہ پاکستان کا چھٹا دورہ ہے۔ جنرل پیٹریاس کے اس وقت سے پاکستانی افواج اور جنرل کیانی کے ساتھ دیرینہ اور مضبوط تعلقات ہیں جب وہ امریکی سنٹرل کمانڈ کے کمانڈر تھے۔ انہوں نے آخری دفعہ پاکستان کا دورہ 31 جنوری 2011ء میں کیا تھا۔

###

مزید پریس ریلیز کیلئے ہماری ویب سائیٹ: http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں۔